# وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِينَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِينَ

اورہم ضرور آزمائش میں ڈالیں گے تم کو تا کہ دیکھ لیں ہم انکو جو جہاد کرنے والے ہیں تم میں سے اور ثابت قدم رہنے والے ہیں۔

# مُحَمَّد

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ أَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ (١)

جولوگ منکر ہوئے، اور روکا اللہ کی راہ سے، کھو (ضائع کر) دیئے اس نے ان کے کئے (اعمال)۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ

اور جو یقین لائے، اور کئے بھلے کام، اور مانا جو اترا محمدؐ پر اور وہی ہے سچا دین ان کے رب کی طرف سے،

كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ (٢)

ان سے اُتاریں اُنکی بُرائیاں اور سنوارا ان کا حال۔

ذَلِكَ بِأَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ وَأَنَّ الَّذِينَ آمَنُوا اتَّبَعُوا الْحَقَّ مِن رَّبِّهِمْ

یہ اس پر کہ جو منکر ہیں، وہ چلے جھوٹی بات پر اور جو یقین لائے انہوں نے مانی سچی بات اپنے رب کی طرف سے۔

كَذَلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ لِلنَّاسِ أَمْثَالَهُمْ (٣)

یوں بتاتا ہے اللہ لوگوں کو ان کے احوال۔

فَإِذَا لَقِيتُمُ الَّذِينَ كَفَرُوا فَضَرْبَ الرِّقَابِ حَتَّى إِذَا أَثْخَنتُمُوهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ

تو جب تم بھڑو منکروں سے تو گردنیں ہیں مارنی۔ یہاں تک جب کُشاوُ ڈال چکے ان میں، تو مضبوط باندھو قید (قیدیوں کو)،

فَإِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَإِمَّا فِدَاء حَتَّى تَضَعَ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا

پھر یا احسان کرو پیچھے (اسکے بعد) اور یا چھڑوائی (فدیہ) لو، جب تک رکھ دے لڑائی اپنا اراچھ (ختم ہوجائے)۔

ذَلِكَ وَلَوْ يَشَاء اللَّهُ لَانتَصَرَ مِنْهُمْ وَلَكِن لِّيَبْلُوَ بَعْضَكُم بِبَعْضٍ

یہ سن چکے! اور اگر چاہے اللہ تو بدلہ لے ان سے، پر جانچنے کو تمہارے ایک سے دوسرے کو۔

وَالَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَلَن يُضِلَّ أَعْمَالَهُمْ (٤)

اور جولوگ مارے گئے اللہ کی راہ میں، تو نہ کھودے (ضائع کرے) گا ان کے کئے (اعمال)۔

سَيَهْدِيهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ (٥)

ان کو راہ دے گا اور سنوارے گا ان کا حال،

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ (٦)

اور داخل کرے گا ان کو بہشت میں معلوم کروادی ہے ان کو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تَنصُرُوا اللَّهَ يَنصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ أَقْدَامَكُمْ (٧)

اے ایمان والو! اگر تم مدد کرو گے اللہ کی، تو وہ تمہاری مدد کرے گا، اور جمادے گا تمہارے پاؤں۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَأَضَلَّ أَعْمَالَهُمْ (٨)

اور جولوگ منکر ہوئے ان کو لگی ٹھوکر، اور کھودیے (ضائع کیے) ان کے کئے (اعمال)۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَرِهُوا مَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ (٩)

یہ اس پر کہ انہوں نے پسند نہ رکھا جو اُتارا اللہ نے، پھر اکارت کردیے ان کے کیے (اعمال)۔

أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ

کیا پھرے نہیں ملک (زمین) میں؟ کہ دیکھیں آخر کیا ہوا ان کا جو پہلے تھے اُن سے؟

دَمَّرَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَلِلْكَافِرِينَ أَمْثَالُهَا (١٠)

اکھاڑ مارا اللہ نے ان کو۔ اور منکروں کو ملتی ہیں ایسی چیزیں (نتائج)۔

ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ مَوْلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَأَنَّ الْكَافِرِينَ لَا مَوْلَىٰ لَهُمْ (١١)

یہ اس پر کہ اللہ رفیق ہے ان کا جو یقین لائے، اور جو منکر ہیں ان کا رفیق نہیں کوئی۔

إِنَّ اللَّهَ يُدْخِلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

مقرر اللہ داخل کرے گا ان کو جو یقین لائے اور کئے بھلے کام، باغوں میں، نیچے بہتی ان کے ندیاں۔

وَالَّذِينَ كَفَرُوا يَتَمَتَّعُونَ وَيَأْكُلُونَ كَمَا تَأْكُلُ الْأَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى لَّهُمْ (١٢)

اور جو منکر ہیں، برتتے ہیں اور کھاتے ہیں، جیسا کھائیں ڈھور (جانور)، اور آگ ہے گھر ان کا۔

وَكَأَيِّن مِّن قَرْيَةٍ هِيَ أَشَدُّ قُوَّةً مِّن قَرْيَتِكَ الَّتِي أَخْرَجَتْكَ

اور کتنی تھیں بستیاں، جو زیادہ تھیں زور میں اس تیری بستی سے، جس نے تجھ کو نکالا۔

أَهْلَكْنَاهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ (١٣)

ہم نے ان کو کھپا (ہلاک کر) دیا، پھر کوئی نہیں ان کا مددگار۔

أَفَمَن كَانَ عَلَى بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّهِ كَمَن زُيِّنَ لَهُ سُوءُ عَمَلِهِ

بھلا ایک جو چلتا ہے سوجھی (صریح) راہ پر اپنے رب کی، برابر اس کے جس کو بھلا دکھایا اس کا بُرا کام؟

وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءهُمْ (١٤)

اور چلتے ہیں اپنے چاؤں (خواہشات) پر۔

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ فِيهَا أَنْهَارٌ مِّن مَّاء غَيْرِ آسِنٍ

احوال اس بہشت کا، جو وعدہ ہے ڈر والوں (متقیوں) کو اس میں نہریں ہیں پانی کی، جو بو نہیں کر گیا۔

وَأَنْهَارٌ مِن لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَأَنْهَارٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشَّارِبِينَ

اور نہریں ہیں دودھ کی، جس کا مزا نہیں پھرا۔ اور نہریں ہیں شراب کی، جس میں مزہ ہے پینے والوں کو۔

وَأَنْهَارٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى

اور نہریں ہیں شہد کی، جھاگ اتارا ہوا۔

وَلَهُمْ فِيهَا مِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ

اور ان کو وہاں سب طرح کے میوے، اور معافی ہے ان کے رب سے۔

كَمَنْ هُوَ خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوا مَاء حَمِيمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءهُمْ (١٥)

برابر اس کے جو سدا رہتا ہے آگ (جہنم) میں، اور پلایا ہے ان کو کھولتا پانی، تو کاٹ نکالا ان کی آنتیں۔

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُ إِلَيْكَ

اور بعضے ان میں کہ کان رکھتے ہیں تیری طرف۔

حَتَّى إِذَا خَرَجُوا مِنْ عِندِكَ قَالُوا لِلَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ آنِفًا

یہاں تک کہ جب نکلیں تیرے پاس سے، کہتے ہیں ان کو جن کو علم ملا، کیا کہا تھا اس شخص نے ابھی؟

أُوْلَئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَاتَّبَعُوا أَهْوَاءهُمْ (١٦)

یہ وہی ہیں جن کے دل پر مُہر رکھی ہے اللہ نے، اور چلے ہیں اپنی چاؤں (خواہشات) پر۔

وَالَّذِينَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَآتَاهُمْ تَقْواهُمْ (١٧)

اور جو لوگ راہ پر آئے ہیں، ان کو اور بڑھی اس سے سوجھ (ہدایت)، اور ان کو اس سے ملا بچ کر چلنا۔

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً
اب یہی راہ دیکھتے ہیں اس گھڑی (قیامت) کی، کہ آ کھڑی ہو ان پر اچانک۔

فَقَدْ جَاء أَشْرَاطُهَا
کیونکہ آ چکی ہیں اس کی نشانیاں۔

فَأَنَّى لَهُمْ إِذَا جَاءتْهُمْ ذِكْرَاهُمْ (١٨)
سو کہاں ملے گی ان کو جب وہ آ پہنچی، سمجھ پکڑنی (نصیحت قبول کرنی)۔

فَاعْلَمْ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
سو تو جان رکھ کہ کسی کی بندگی نہیں سوا اللہ کے، اور معافی مانگ اپنے گناہ کو، اور ایمان دار مردوں کو اور عورتوں کو۔

وَاللَّهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوَاكُمْ (١٩)
اور اللہ کو معلوم ہے گشت (سرگرمیاں) تمہاری اور گھر (ٹھکانا) تمہارا۔

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا لَوْلَا نُزِّلَتْ سُورَةٌ
اور کہتے ہیں ایمان والے، کیوں نہ اتری ایک سورت (جس میں جنگ کا حکم ہو)؟

فَإِذَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَذُكِرَ فِيهَا الْقِتَالُ
پھر جب اتری ایک سورت جانچی ہوئی (واضح احکام والی)، اور ذکر ہوا اس میں لڑائی کا،

رَأَيْتَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ يَنظُرُونَ إِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ
تو تو دیکھتا ہے جن کے دل میں روگ ہے، تکتے ہیں تیری طرف، جیسے تکتا ہے کوئی بے ہوش پڑا مرنے کے وقت۔

فَأَوْلَى لَهُمْ (٢٠)
سو خرابی ہے ان کی۔

طَاعَةٌ وَقَوْلٌ مَّعْرُوفٌ فَإِذَا عَزَمَ الْأَمْرُ فَلَوْ صَدَقُوا اللَّهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ (٢١)
حکم ماننا ہے اور بھلی بات کہنی، پھر جب تاکید ہو کام کی، تو اگر سچے رہیں اللہ سے، تو ان کا بھلا ہے۔

فَهَلْ عَسَيْتُمْ إِن تَوَلَّيْتُمْ أَن تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ وَتُقَطِّعُوا أَرْحَامَكُمْ (٢٢)
پھر تم سے یہ بھی توقع ہے اگر تم کو حکومت ہو، کہ خرابی ڈالو ملک میں، اور توڑو اپنے ناتے (رشتے)۔

أُوْلَئِكَ الَّذِينَ لَعَنَهُمُ اللَّهُ فَأَصَمَّهُمْ وَأَعْمَى أَبْصَارَهُمْ (٢٣)
ایسے لوگ وہی ہیں جن کو پھٹکارا اللہ نے، پھر کر دیا ان کو بہرے، اور اندھی ان کی آنکھیں۔

أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَى قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا (٢٤)

کیا دھیان نہیں کرتے قرآن میں؟ یا دلوں پر لگ رہے ہیں اُن کے قفل (تالے)؟

إِنَّ الَّذِينَ ارْتَدُّوا عَلَى أَدْبَارِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى

جو لوگ الٹے پھر گئے اپنی پیٹھ پر، پیچھے اس سے کہ کھل چکی ان پر راہ (ہدایت)،

الشَّيْطَانُ سَوَّلَ لَهُمْ وَأَمْلَى لَهُمْ (٢٥)

شیطان نے بنائی ان کے دل میں (یہ راہ)۔ اور دیر کے وعدے دیئے۔

ذَلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لِلَّذِينَ كَرِهُوا مَا نَزَّلَ اللَّهُ سَنُطِيعُكُمْ فِي بَعْضِ الْأَمْرِ

یہ اس واسطے کہ انہوں نے کہا ان سے، جو بیزار ہیں اللہ کے اُتارے سے، ہم تمہاری بات بھی مانیں گے بعضے کام میں،

وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِسْرَارَهُمْ (٢٦)

اور اللہ جانتا ہے ان کا مشورہ کرنا۔

فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ (٢٧)

پھر کیسا ہوگا؟ جب کہ فرشتے جان نکالیں گے ان کی مارتے جاتے ہیں ان کے منہ پر اور پیٹھ پر۔

ذَلِكَ بِأَنَّهُمُ اتَّبَعُوا مَا أَسْخَطَ اللَّهَ وَكَرِهُوا رِضْوَانَهُ فَأَحْبَطَ أَعْمَالَهُمْ (٢٨)

یہ اس پر کہ وہ چلے اس راہ جس سے اللہ بیزار، اور نہ پسند کی اس کی خوشی، پھر اُس نے اکارت کر دیئے انکے کئے (اعمال)۔

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ أَن لَّن يُخْرِجَ اللَّهُ أَضْغَانَهُمْ (٢٩)

کیا خیال رکھتے ہیں جن کے دل میں روگ ہے، کہ اللہ نہ کھولے گا ان کے جیوں (دلوں) کے بَیر (کھوٹ)۔

وَلَوْ نَشَاءُ لَأَرَيْنَاكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُم بِسِيمَاهُمْ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِي لَحْنِ الْقَوْلِ

اور اگر ہم چاہیں تجھ کو دکھا دیں ان کو، سو پہچان تو چکا ہے تُو انکے چہرے سے، اور آگے پہچان لیگا بات کے ڈھب سے۔

وَاللَّهُ يَعْلَمُ أَعْمَالَكُمْ (٣٠)

اور اللہ کو معلوم ہیں تمہارے کام۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتَّى نَعْلَمَ الْمُجَاهِدِينَ مِنكُمْ وَالصَّابِرِينَ

اور البتہ تمکو جانچیں گے تا (کہ) معلوم کریں جو تم میں لڑائی (جہاد) والے ہیں اور ٹھہرنے (ثابت قدم رہنے) والے،

وَنَبْلُوَ أَخْبَارَكُمْ (٣١)

اور تحقیق کریں تمہاری خبریں (حالات)۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ وَشَاقُّوا الرَّسُولَ

جو لوگ منکر ہوئے، اور روکا اللہ کی راہ سے، اور خلاف ہوئے رسول سے،

مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى لَن يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا

پیچھے (پہلے) اس کے کہ کھل چکی ان پر راہ (ہدایت)، نہ بگاڑیں گے اللہ کا کچھ،

وَسَيُحْبِطُ أَعْمَالَهُمْ (٣٢)

اور وہ اکارت (ضائع) کر دے گا ان کے کئے (اعمال)۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَلَا تُبْطِلُوا أَعْمَالَكُمْ (٣٣)

اے ایمان والو! حکم پر چلو اللہ کے اور حکم پر چلو رسول کے، اور ضائع مت کرو اپنے کئے (اعمال)۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَن سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ مَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَهُمْ (٣٤)

جو لوگ منکر ہوئے، اور روکا اللہ کی راہ سے، پھر مر گئے، اور وہ منکر ہی رہے، تو ہرگز نہ بخشے گا ان کو اللہ۔

فَلَا تَهِنُوا وَتَدْعُوا إِلَى السَّلْمِ

سو تم بودے (ڈرپوک) نہ ہو جاؤ اور پکارنے لگو صلح۔

وَأَنتُمُ الْأَعْلَوْنَ وَاللَّهُ مَعَكُمْ وَلَن يَتِرَكُمْ أَعْمَالَكُمْ (٣٥)

اور تم ہی رہو گے اوپر۔ اور اللہ تمہارے ساتھ ہے، اور نقصان نہ دے گا تم کو تمہارے کاموں میں۔

إِنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ

یہ دنیا کا جینا تو کھیل ہے اور تماشا۔

وَإِن تُؤْمِنُوا وَتَتَّقُوا يُؤْتِكُمْ أُجُورَكُمْ وَلَا يَسْأَلْكُمْ أَمْوَالَكُمْ (٣٦)

اور اگر تم یقین لاؤ گے، اور بچ چلو گے، دے گا تم کو تمہارے نیگ (اجر)، اور نہ مانگے گا تم سے مال تمہارے۔

إِن يَسْأَلْكُمُوهَا فَيُحْفِكُمْ تَبْخَلُوا وَيُخْرِجْ أَضْغَانَكُمْ (٣٧)

اگر مانگے تم سے وہ مال، پھر تنگ کرے، تو بخیل ہو جاؤ، اور کھول دے تمہارے دل کی خفگیاں۔

هَاأَنتُمْ هَؤُلَاء تُدْعَوْنَ لِتُنفِقُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ

سنتے ہو تم لوگ! تم کو بلاتے ہیں، کہ خرچ کرو اللہ کی راہ میں۔

فَمِنكُم مَّن يَبْخَلُ وَمَن يَبْخَلْ فَإِنَّمَا يَبْخَلُ عَن نَّفْسِهِ

پھر تم میں کوئی ہے کہ نہیں دیتا۔ اور جو کوئی نہ دے گا، سو نہ دے گا آپ (خود) کو۔

وَاللَّهُ الْغَنِيُّ وَأَنتُمُ الْفُقَرَاء

اور اللہ بے نیاز ہے اور تم محتاج ۔

وَإِن تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُونُوا أَمْثَالَكُمْ (۳۸)

اور اگر تم پھر جاؤ گے، بدل لے گا کوئی لوگ سوا تمہارے پھر وہ نہ ہوں گے تمہاری طرح کے ۔

---

**********

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**